Per a més informació:
مزید معلومات کے لئے:

012
www.gencat.cat
Establiment: 0,33€. Cost/min: 0,087€
Tarifació per segons. IVA INCLÒS

atenció a les **dones** en situació de **violència**
900 900 120
xat:
www.gencat.cat/icdones/linia900.htm
Servei **24** hores **gratuït** i **confidencial**

900 300 500
Departament d'Acció Social i Ciutadania

LF

FONS SOCIAL EUROPEU

Amb la col·laboració de: **Secretaria per a la Immigració. Departament d'Acció Social i Ciutadania**

Per a més informació:
Departament d'Acció Social i Ciutadania
Oficines d'informació de l'Institut Català de les Dones

مزید معلومات کے لئے:
وزارت برائے معاشرتی عمل وشہریت
کٹلان انسٹی ٹیوٹ برائے خواتین کے معلوماتی دفاتر

Barcelona
Pl. Pere Coromines, 1
08001 Barcelona
Tel: **93 495 16 00**
Fax: 93 321 61 11
icd.barcelona@gencat.cat

Girona
c/ Juli Garreta, 14, entl.
17002 Girona
Tel: **972 41 29 90**
Fax: 972 41 27 81
icd.girona@gencat.cat

Lleida
Av. del Segre, 5
25007 Lleida
Tel: **973 70 36 00**
Fax: 973 24 51 71
icd.lleida@gencat.cat

Tarragona
c/ Sant Francesc, 3
43003 Tarragona
Tel: **977 24 13 04**
Fax: 977 21 12 62
icd.tarragona@gencat.cat

Tortosa
c/ Montcada, 23
43500 Tortosa
Tel: **977 44 47 58**
Fax: 977 51 05 92
icd.terresebre@gencat.cat

www.gencat.cat/icdones

Benvinguda a les dones que arriben a Catalunya

ہم ان تمام خواتین کا خیرمقدم کرتے ہیں جو کٹلان آئی ہیں

Generalitat de Catalunya
Institut Català de les Dones

La democràcia, la igualtat d'oportunitats entre dones i homes, el pluralisme polític, les llibertats fonamentals de totes les persones i el dret a no rebre un tracte discriminatori en cap concepte formen part de la societat catalana.

Benvinguda
خوش آمدید

جمہوریت، عورتوں اور مردوں کے درمیان مساوی مواقع، سیاسی تکثیریت، ہر کسی کے لئے بنیادی آزادیاں اور تمام تر حالات میں امتیازانہ سلوک وبرتاؤ سے آزاد رہنے کا حق کٹلان سوسائٹی کا حصہ ہیں۔

Acabes d'arribar a un país on les dones gaudim de tots els drets civils, econòmics i polítics reconeguts internacionalment, després de molts anys de lluitar per aconseguir-ho.

A partir d'ara, pel fet de viure a Catalunya, aquests drets seran també els teus drets.

Dret a la igualtat
Les dones tenim els mateixos drets que els homes. Ho reconeix la llei i pots exigir que aquest dret a la igualtat s'apliqui en totes les situacions. Cap de nosaltres ha de ser discriminada, és a dir, tractada de manera diferent, pel fet de ser dona.

Dret a viure en llibertat i seguretat
Tenim dret a viure en llibertat i a que ningú s'aprofiti de nosaltres, ens maltracti o ens discrimini.

Dret a la pròpia documentació
El passaport o el document d'identitat són de la teva propietat. Si alguna persona es queda amb la teva documentació, pots presentar una denúncia als Mossos d'Esquadra. Tens l'obligació de tenir l'autorització de residència i de renovar la documentació.

Dret a la salut
Tens dret a l'assistència sanitària amb l'únic requisit d'estar empadronada. Si no tens regularitzada la teva situació administrativa i no estàs donada d'alta en el padró, també tens dret a l'assistència sanitària d'urgència, als centres sanitaris o al domicili, i en cas que estiguis embarassada, en l'atenció al part i al postpart, així com en cas d'accidents o malalties greus. Tens el deure de tenir cura de la salut i de tenir la targeta sanitària. Per aconseguir-la, has d'anar al centre de salut més proper amb el certificat d'empadronament i fer-ne la sol·licitud.

Dret al treball
A la feina no t'han de discriminar per raó de sexe o d'origen. No has de cobrar menys que els homes que fan la mateixa feina que tu, ni has d'ésser acomiadada a causa d'un embaràs, d'una baixa per maternitat o d'un problema de salut. Si has arribat a Catalunya per la via del reagrupament familiar i tens una oferta laboral de durada mínima d'un any, pots accedir al mercat de treball, amb la prèvia sol·licitud d'autorització de treball corresponent. Si estàs en situació irregular, pots accedir al mercat de treball si demostres tres anys d'empadronament a Catalunya, si l'Ajuntament fa un informe favorable d'arrelament, si disposes d'una oferta laboral de durada mínima d'un any i si fas la sol·licitud corresponent d'autorització de treball.

Tens l'obligació de complir l'horari laboral i les normes d'higiene, així com de seguir la formació relacionada amb el teu lloc de treball.

Dret a l'educació i la formació
L'ensenyament a Catalunya és gratuït i obligatori dels 6 als 16 anys. Fins els 6 anys els ajuntaments, per mitjà de les escoles, ofereixen serveis educatius. Per inscriure les filles i els fills a l'escola adreça't a les oficines municipals d'escolarització de l'Ajuntament on estiguin empadronats els infants o al centre educatiu corresponent.

Les dones adultes poden accedir als programes de formació que ofereixen diverses entitats i institucions.

Drets de família
Existeixen prestacions socials i ajuts públics per a les famílies que es trobin en situacions de dificultat.

Dret a la participació social
Amb la participació social pots exercir els teus drets. Hi pots participar per mitjà de les entitats de dones que hi ha a Catalunya. Són entitats sense ànim de lucre, formades per dones que comparteixen el mateix origen (filipines, equatorianes, marroquines...), objectius o finalitats professionals o culturals, entre altres. Les entitats et poden oferir acollida, informació, assessorament o ser un espai de relacions i visibilitat pública.

Informa't a l'Ajuntament o Consell Comarcal de les entitats que hi ha al municipi.

Dret al coneixement de les llengües
La llengua pròpia de Catalunya és el català i com a tal, és la llengua d'ús normal i preferent de l'Administració, els mitjans de comunicació públics, l'ensenyament, etc.

El català és la llengua oficial de Catalunya. També ho és el castellà, que és la llengua oficial de l'Estat espanyol.
Els ciutadans i ciutadanes tenen el dret a utilitzar les dues llengües i el dret i el deure de conèixer-les.

Dret a l'atenció
Tens dret a rebre informació i assessorament sobre els serveis i els recursos bàsics als quals pots accedir. Demana-ho a l'Ajuntament o al Departament d'Acció Social i Ciutadania més proper.

آپ ابھی ابھی ایک ایسے ملک میں پہنچی ہیں جہاں عورتوں کو وہ تمام شہری، معاشی اور سیاسی حقوق حاصل ہیں جنہیں حاصل کرنے کے لئے کی جانی والی سالوں کی جدوجہد کے بعد بین الاقوامی پیمانے پر تسلیم کر لیا گیا ہے۔
اور اب کٹلونیا میں محض رہائش پذیر ہونے کی وجہ سے آپ ان حقوق کی مستحق ہوں گیں۔

حق مساوات
ہم عورتوں کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو مردوں کو ہیں۔ یہ قانونی طور پر تسلیم شدہ ہے اور آپ یہ مطالبہ کرسکتی ہیں کہ تمام حالات میں اسے لاگو کیا جائے۔ کسی بھی عورت کے خلاف امتیاز نہیں برتا جاسکتا ہے۔ کہنا یہ ہے کہ محض عورت ہونے کی وجہ سے کسی عورت کے ساتھ الگ برتاؤ نہیں کیا جاسکتا ہے۔

شخص کی آزادی اور حفاظت کا حق
آپ کو آزادی کے ساتھ زندگی گذارنے کا حق ہے۔ کوئی بھی آپ کا غلط استعمال، آپ کے ساتھ غلط برتاؤ اور امتیازانہ سلوک نہیں کرسکتا ہے۔

حق ملکیت
آپ کا پاسپورٹ اور آپ کے شناختی کاغذات آپ کی ملکیت ہیں۔ اگر کوئی آپ کے کاغذات رکھ لیتا ہے تو آپ سرکاری طور پر Mossos d'Esquadra (کٹلان پولس) میں شکایت درج کرسکتی ہیں۔ اجازت نامہ رہائش (ریزڈنس پرمٹ) رکھنا اور اپنے کاغذات کی تجدید کرانا آپ کی ذمہ داری ہے۔

حق صحت
صحت نگہداشت کا حق آپ کو حاصل ہے اور اس کے لئے صرف اور صرف ایک چیز مطلوب ہے وہ یہ کہ آپ کے علاقائی ٹاؤن ہال میں آپ کا اندراج ہوچکا ہو۔ گرچہ آپ نے اب تک اپنی قانونی حیثیت معمول کے مطابق نہ کیا ہے جس کی وجہ سے آپ کا اندراج نہیں ہوا ہے پھر بھی آپ کو اسپتالوں اور صحت مراکز میں یا اپنے گھر پر ایمرجنسی صحت نگہداشت پانے کا حق ہے۔ اگر آپ حاملہ ہوں تو دوران ولادت اور اس کے بعد اور حادثے یا شدید بیماری کی صورت میں بھی آپ کو علاج پانے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو اپنی صحت کے بارے میں ضرور دھیان دینا چاہئے اور صحت کارڈ بنوا لینا چاہئے۔ صحت کارڈ بنوانے کے لئے اپنا رجسٹریشن سرٹیفیکٹ لاکر اپنے قریب ترین صحت مرکز میں اس کے لئے درخواست دیں۔

جائے عمل میں حقوق
آپ کی جنس یا نسل کی وجہ سے کوئی بھی شخص جائے عمل میں آپ کے خلاف امتیاز نہیں برت سکتا ہے۔ آپ کو بھی وہی معاوضہ ضرور ملنا چاہئے جو آپ جیسا کام کرنے والے کسی مرد کو ملتا ہے اور محض حاملہ ہونے، بچے کی ولادت کی وجہ سے چھٹی پر ہونے یا صحت سے متعلق کسی دشواری میں مبتلا ہونے کی وجہ سے آپ کو کام سے ہٹایا نہیں جاسکتا ہے۔ اگر آپ کٹلونیا میں خاندانی ملاقات کے لئے آئی ہیں اور آپ کو کم از کم ایک سال تک رواں رہنے والے معاہدہ کے تحت کام کرنے کی پیشکش کی گئی ہے تو آپ اس کے مطابق کام کرنے کا اجازت نامہ حاصل کرنے کے لئے درخواست دے کر جاب مارکیٹ میں مہیا مواقع سے استفادہ حاصل کرسکتی ہیں۔ اگر آپ کو کسی خلاف معمول صورت حال کا سامنا ہو تب بھی آپ جاب مارکیٹ میں مہیا مواقع سے استفادہ حاصل کرسکتی ہیں بشرطیکہ آپ یہ ثابت کرسکیں کہ کٹلونیا مین تین سال تک کے لئے آپ کا اندراج ہوچکا ہے، ٹاؤن کونسل ایک مثبت رپورٹ تحریر کردے، آپ کو کم از کم ایک سال تک رواں رہنے والے معاہدہ کے تحت کام کرنے کی پیشکش کی گئی ہے اور اس کے مطابق آپ کام کرنے کے اجازت نامہ کے لئے درخواست دیں۔

کام کے اوقات اور صحت سے متعلق اصول وضوابط کی پابندی کرنا اور اپنے کام سے متعلق تربیتی پروگراموں میں شرکت کرنا آپ کے لئے ضروری ہے۔

حق تعلیم وتربیت
کٹلونیا میں تعلیم مفت ہے اور 6 سے 16 سال کی عمر تک لازمی ہے۔ ٹاؤن کونسل 6 سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے اسکولوں میں تعلیمی خدمات مہیا کرتے ہیں۔ کسی اسکول میں اپنے بچوں کا نام لکھانے کے لئے آپ کو ٹاؤن کونسل کے دفتر برائے تعلیمی خدمات میں جاکر ان کا اندراج کرانا ضروری ہے یا اس کے بجائے آپ متعلقہ تعلیمی ادارہ میں بھی جاسکتے ہیں۔

عورتیں مختلف اداروں کے ذریعہ پیش کئے جانے والے تعلیمی پروگراموں سے استفادہ کرسکتی ہیں۔

خاندانی حقوق
جن خاندانوں کو دشواری کا سامنا ہوتا ہے ان کے لئے معاشرتی اور عوامی مدد دستیاب ہے۔

معاشرتی شرکت کا حق
معاشرتی شرکت کے ذریعہ آپ اپنے حقوق کا استعمال کرسکتی ہیں۔ آپ کٹلونیا میں موجود نسواں تنظیموں کے ذریعہ شریک ہوسکتی ہیں۔ یہ تنظیمیں غیر منفعتی ہیں اور انہیں ایسی خواتین نے قائم کیا ہے جو آپ ہی جیسا پس منظر (فلپائنی، اکواڈورین، مورروکن...)، پیشہ وارانہ اغراض ومقاصد جیسے دوسرے امور رکھتی ہیں۔ تنظیمیں مدد، معلومات اور مشورے دے سکتی ہیں یا عوام کے لئے کھلا ہوا اور مہیا معاشرتی جگہ ہوسکتی ہیں۔

اپنے ٹاؤن یا علاقائی کونسل سے اپنے مقامی تنظیموں کے بارے میں معلوم کیجئے۔

زبانیں سیکھنے کا حق
کٹلونیا کی مادری زبان کٹلان ہے اسی وجہ سے اسے ترجیح حاصل ہے اور عموما سرکاری ادارے، سرکاری ذرائع ابلاغ اور تعلیمی ادارے وغیرہ اسی کو استعمال کرتے ہیں۔

کٹلان کٹلونیا کی سرکاری زبان ہے۔ ہسپانوی زبان بھی اسی طرح سے ایک سرکاری زبان ہے جیسے یہ اسپین کی سرکاری زبان ہے۔
شہریوں کو دونوں زبانیں استعمال کرنے کا حق ہے اور دونوں کو سمجھنا ان کا حق اور ان کی ذمہ داری ہے۔

عوامی خدمات تک مساوی رسائی کا حق
ان خدمات اور وسائل کے بارے میں معلومات ومشورہ حاصل کرنا آپ کا حق ہے جن تک آپ کو رسائی ہے۔ آپ یہ معلومات اپنے ٹاؤن ہال یا وزارت برائے معاشرتی عمل وشہریت سے حاصل کرسکتی ہیں۔